شہدا کی سرزمین وادیِ بالاکوٹ، ریاض احمد۔ ناشر: حرا بک سنٹر، ۱۳۷-اے، فرسٹ فلور، برنی پلازا، بالاکوٹ۔ صفحات: ۱۶۸۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔

وادیِ بالاکوٹ، جنت نظیر وادی ہونے سے زیادہ سیداحمد شہید اور شاہ اسماعیل شہید اور ان کی تحریک مجاہدین کے حوالے سے پہچانی جاتی ہے۔ اکتوبر ۲۰۰۵ء میں آنے والے زلزلے نے اس وادی کو ایک اور زاویے سے شہرت دی اور یہ علاقہ زلزلے سے بری طرح متاثر ہوا۔

زیرنظر کتاب وادیِ بالاکوٹ کے ایک جامع مطالعے کی حیثیت رکھتی ہے۔ مصنف نے بڑی عرق ریزی سے وادیِ بالاکوٹ کی تاریخ، جغرافیے، محل وقوع، آبادی، تعلیمی صورت حال، آب و ہوا، تاریخی اہمیت، پہاڑ، جنگلات، فصلوں، جانوروں، شکار، کھیلوں، قوموں، قبیلوں، رسم و رواج، لباس وخوراک غرضیکہ مختلف پہلوؤں پر تحقیق کرکے وادی سے متعلق بنیادی معلومات کو یک جا کردیا ہے۔ فاضل مصنف نے تحریکِ مجاہدین، سیداحمد شہید اور شاہ اسماعیل شہید کے تذکرے کے ساتھ مختصراً کشمیر وافغانستان کے شہدا کے حالاتِ زندگی بھی قلم بند کردیے ہیں۔

اس کتاب کا ایک نمایاں پہلو اکتوبر ۲۰۰۵ء میں آنے والے خوفناک اور ہلاکت خیز زلزلے کے پس منظر اور پیش منظر کا تجزیہ کرتے ہوئے قرآن وسنت کی روشنی میں اللہ کی طرف سے قوموں کی آزمایش اور عذاب کا جائزہ لینا ہے۔ وادی کی خوب صورت تصاویر کے علاوہ زلزلے سے وادی کے مختلف علاقوں میں تباہی کی تصاویر بھی شاملِ اشاعت ہیں، نیز زلزلے کے پہلے اور زلزلے کے بعد کی احتیاطی تدابیر کا بھی احاطہ کیا گیا ہے۔

ایک اور اہم موضوع امدادی اداروں اور این جی اوز کی سرگرمیوں کا جائزہ اور ان کے پس پردہ مقاصد کا تجزیہ ہے کہ یہ ادارے مسلمانوں میں کام کرتے ہوئے کس طرح مسلمانوں کو دیگر مذاہب کی طرف راغب کرتے ہیں۔ خوب صورت سرورق کے ساتھ وادیِ بالاکوٹ پر یقیناً یہ ایک جامع کتاب ہے۔ (پروفیسر میاں محمد اکرم)

سیارہ (سالنامہ ۲۰۰۸ء)، مدیر: آسی ضیائی، حفیظ الرحمٰن احسن۔ ملنے کا پتا: ایوانِ ادب، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۴۲۰۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔

علمی و ادبی مجلہ سیارہ تعمیری اور فلاحی ادب کا نقیب ہے۔ اس کے مؤسس نعیم صدیقی